URDU Elective — Lesson-13

Inter 2ND year — Notes — 9/5/20

## Short Questio

1۔ مضمون نگار نے مچھر کا حلیہ کن الفاظ میں پیش کیا ہے؟

Ans۔ مضمون نگار نے مچھر کا حلیہ "صورت تو دیکھو کالا بھجنگ، لمبے لمبے پاؤں، بے ڈول چہرہ اس شان و شوکت کا وجود؟" جیسے الفاظ سے بیان کیا ہے۔

2۔ اس سبق میں انسان کو کیا کیا نصیحتیں کی گئی ہیں؟

Ans۔ اس سبق میں شب بیداری اور ذکر الٰہی کی تلقین کی گئی ہے اور یہ بھی درس دیا گیا ہے کہ خدا کی مخلوق کو حقیر یا ذلیل نہیں سمجھنا چاہیے۔

3۔ آدمی نے مچھر کو کن سی بیماریوں کے لئے ذمہ دار ٹھہرایا؟

Ans۔ آدمی نے طاعون اور ملیریا جیسی بیماریوں کا پھیلانے کا ذمے دار مچھر کو ٹھہرایا ہے۔

4۔ مچھر کے بارے میں انسان کیا کہتا ہے؟

Ans۔ انسان کہتا ہے کہ مچھر بڑا کم ذات ہے۔ کوڑے کرکٹ میل کچیل سے پیدا ہوتا ہے۔ گندی موریوں میں زندگی بسر کرتا ہے اور بزدلی دیکھو کہ اس وقت حملہ کرتا ہے جب ہم سو رہے ہوتے ہیں۔

TATA STEEL

Scanned with CamScanner

## Notes

### Long Question

1- خواجہ حسن نظامی کی سوانح حیات اور ادبی کارناموں کا جائزہ لیں؟

Ans- خواجہ حسن نظامی 1878ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ کم عمری میں ہی والد اور والدہ کا انتقال ہو گیا تھا۔ بڑے بھائی نے پرورش کی۔ عربی و فارسی کی تعلیم دہلی ہی میں حاصل کی۔ پڑھنے کا شوق بچپن سے ہی تھا۔ پہلے اخبارات میں چھوٹے چھوٹے مضامین لکھے۔ انہوں نے بہت سی چھوٹی بڑی کتابیں لکھیں۔ ان میں انشائیے، سفرنامے اور روزنامچے، قلمی چہرے اور نوحے سبھی شامل ہیں۔ کئی رسالے بھی نکالے جن میں منادی کو سب سے زیادہ شہرت حاصل ہے۔ ان کی وفات 1955ء میں ہوئی۔

Scanned with CamScanner